## سبق-20

# نیم کا پیڑ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کلہاڑی | احساس | ہمیشہ۔ | صندوق | محفوظ ، کپڑوں |
| کیڑوں۔ | نبولی۔ | صابن | پتّیاں | مضبوط |

اسلم کو ایک دن ایک کلہاڑی مل گئی اسے لے کر وہ گھر سے باہر نکلا۔ اس نے پتھر پر کلہاڑی کی دھار بنائی۔



سامنے نیم کا ایک ..رخت تھا۔ دھار کو پرکھنے کے لئے اسلم نے درخت کے تنے پر کلہاڑی ماری اسلم کو لگا کہیں سے کراہنے کی آواز آرہی ہے غور سے سُنا تو اس کو احساس ہوا کہ آواز درخت سے آرہی ہے۔

درخت کہہ رہا تھا "اسلم ! مجھے کیوں کاٹ رہے ہو ؟ تمہیں معلوم ہے ؟ میں تمہارے کتنے کام آتا ہوں ؟ سنو ! میری طرف دیکھو میرے اوپر کتنی پتّاں ہیں ؟ یہ پتّیاں گھنی ہیں کہ سورج کی کرنیں زمین تک نہیں پہونچ سکتیں۔ میرے نیچے ہمیشہ سایہ رہتا ہے تم بھی تو اپنے دوستوں کے ساتھ میرے سایہ میں بیٹھتے اور کھیلیتے ہو۔ تمہاری طرح دوسرے لوگ اور مویشی بھی میرے سایہ میں بیٹھ کر آرام کرتے ہیں۔ میری پتیوں پر جب سورج کی کرنیں پڑتی ہیں تب وہ ہوا کو صاف کرتی ہیں۔

تم نے اپنی امّی کو گرم کپڑوں کے صندوق میں میری سوکھی پتّیاں رکھتے ... دیکھا ہوگا ؟ کیا تم جانتے ہو کہ وہ ایسا کیوں کرتی ہیں ؟ ایسا کرنے سے گرم کپڑوں میں کیڑا نہیں لگتا۔ کسان بھی اپنے اناج میں میری سوکھی پتّیاں رکھتے ہیں جس سے اناج کیڑوں سے محفوظ رہتا ہے۔

میری سوکھی پتیوں کو جلا کر دھواں کر دیا جائے تو اس سے مچھر بھاگ جاتے ہیں۔


میرے پھل کو "نبولی" کہا جاتا ہے۔ اس کے کھانے سے کئی بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔ نبولی کے تیل سے صابن بنایا جاتا ہے۔ اس صابن سے پھوڑے پھنسیاں دور ہو جاتی ہیں۔ میری چھال پیس کر لگانے سے بھی جسم کے دانے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ یہ کڑوی تو ہوتی ہیں لیکن اس سے دانت مضبوط ہوتے ہیں اور ان میں کیڑا نہیں لگتا۔

میری پتیوں کو پیس کر لیپ کرنے سے خارش دور ہو جاتی ہے۔

بخار میں میری جڑ کو پانی میں اُبال کر پینے سے بخار دور ہو جاتا ہے۔ میری پتیوں کو اُبال کر اس پانی سے نہانے سے جلد کی بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔

تم نے سُنا ! میں تمہارے کتنے کام آتا ہوں۔ میرے سب حصے کسی نہ کسی کام آتے ہیں۔ میں بیماریوں کو بھگانے والا درخت ہوں۔ میں ہر جگہ آسانی سے لگایا جا سکتا ہوں۔ شہر اور گاؤں والے سب مجھے لگا سکتے ہیں اور فائدہ اٹھاتے ہیں۔ آخر تم مجھے کیوں کاٹنا چاہتے ہو؟

نیم کی یہ بات سن کر اسلم بہت شرمندہ ہوا۔ وہ سوچنے لگا: کتنا اچھا ہے یہ نیم کا درخت اور میں نادانی میں اس کو کاٹ رہا تھا۔



وردبین سے کھجلی کے کیڑے کی تصویر کئی گنا بڑی دکھتی ہے۔

(1) جواب لکھیے :-

1- درخت کے مختلف حصّوں کے نام بتائیے۔
2- نیم کے پھل کو کیا کہتے ہیں؟
3- نیم کی پتیاں کس کام آتی ہیں؟
4- نیم کے تیل سے کیا فائدہ ہے؟
5- کھجلی اور پھوڑے پھنسی کیسے ٹھیک ہوتے ہیں؟

(2) خالی جگہ بھر کر جملہ پورا کیجئے:

1- نیم کی پتیاں ہوا کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کرتی ہیں
2- گھنی پتیوں کی وجہ سے نیم کے نیچے ہمیشہ۔۔۔۔۔۔۔۔ رہتا ہے
3- نیم کی سوکھی پتیاں رکھنے سے کپڑوں میں۔۔۔۔۔۔۔۔ نہیں لگتا
4- نیم کی پتّیوں کو جلا کر دھواں کرنے سے۔۔۔۔۔۔۔۔ بھاگ جاتے ہیں
5- نیم کے صابن سے نہانے سے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ٹھیک ہو جاتی ہے

(3) پڑھیے اور لکھیے :-

| | |
|---|---|
| نالی | نالیاں |
| بوٹی | |
| پھنسی | |
| بیماری | |
| بتّی | |

| | |
|---|---|
| کرن | کرنیں |
| کتاب | |
| بہن | |
| پتنگ | |
| آنکھ | |

**(4)** پڑھیے اور سمجھیے :-

| | |
|---|---|
| نبولی | نیم کا پھل |
| کمزور | کم طاقت والا |
| جلد | کھال |
| ناوانی | بے وقوفی |
| خطرناک | جس میں خطرہ ہو |

**(5)** صحیح جوڑے بنایئے :-

| الف | ب |
|---|---|
| 1- آم | بیماریاں دور ہوتی ہیں |
| 2- نیم | میز کرسیاں |
| 3- پیپل | پھل کھایا جاتا ہے |
| 4- ساگون | پتیاں بکریوں کو کھلائی جاتی ہیں |

**(6)** عملی کام:

اسکولوں میں مناسب جگہ پر بچّوں سے نیم اور دوسرے پودے لگوائے جائیں۔